حدود اللہ کا نفاذ | از جناب پروفیسر سید محمد سلیم - ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق، تنظیم اساتذہ پاکستان ۸ - اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور - صفحات: ۳۲ - رنگین ٹائیٹل قیمت: ۵/- روپے

اوپر دیئے ہوئے عنوان کے ساتھ یہ اضافہ کیجیے: "شرف انسانیت کا تحفظ ہے"۔ نفاذِ شریعت کی تحریک ملک میں موجود ہے۔ اس موقع پر سید صاحب نے اپنے اس پمفلٹ میں یہ واضح کیا ہے کہ فرد خلیفۃ اللہ ہے اور خاندان اور معاشرہ اس کی صلاحیتوں کے نشوونما کے لیے میدان فراہم کرتے ہیں۔ ریاست ایک طرف فرد کے حقوق کا تحفظ کرتی ہے، دوسری طرف معاشرے کو نظم کا پابند بناتی ہے۔ فرد کے تحفظ اور افراد اور اجتماعیت میں توازن و عدل قائم رکھنے کے لیے جو حدود اللہ مقرر کی گئی ہیں، اُن کی تقسیم سید صاحب نے یوں کی ہے:- ۱- انسانی وجود کے خلاف جرم ۲- انسانی شعور کے خلاف جرم- ۳- افزائشِ نسل کے خلاف جرم- ۴- حرمتِ خاندان کے خلاف جرم- ۵- معاشرہ کے خلاف جرم- ۶- ریاست کے خلاف جرم- ۷- نظامِ حیات کے خلاف جرم- اس تجزیہ کی وجہ سے مضمون ایک مفید اور دلچسپ فلاسفی بن گیا ہے۔

اسلامی تجارت کے چند بنیادی خدوخال | مؤلف: مولانا محمد یوسف قریشی - ناشر: مؤتمر المصنفین، جامعہ اشرفیہ، پشاور۔ صفحات: ۴۰، قیمت: ۵/- روپے

ہماری فقہ میں کتاب البیوع (اور چند دیگر فصول) کے عنوان سے ایسے بہت سے مسائل و احکام مدوّن کیے گئے ہیں کہ آدمی جان سکتا ہے کہ کتاب و سنّت کی پابندی میں زندگی گذارنے کے لیے کن حدود میں رہنا ضروری ہے۔ آج جو خیانت، ملاوٹ، اسمگلنگ، ذخیرہ اندوزی، گراں فروشی، سُود خواری وغیرہ مفسدات ہماری تجارت میں داخل ہوگئے ہیں۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ اپنے دین کے احکام و قوانین کو بھول بیٹھے ہیں۔

مولانا کے کام پر بحث و تجزیہ کرنا تو ہم جیسے عامیوں کا منصب نہیں۔ ہم تو علمائے دین کی محنتوں کے خوشہ چیں ہیں۔

اُمید ہے کہ یہ مختصر رسالہ تاجروں اور عام لوگوں کے لیے مفید رہے گا۔